BRAMPTON Service and Information Update

# کووِڈ-19 کی عالمی وباء کے دوران برامپٹن میں ایسٹر ویکینڈ 2020 کا انعقاد

برامپٹن، آن (8 اپریل 2020) - اس سال گُڈ فرائیڈے بروز جمعہ مورخہ 10 اپریل کو اور ایسٹر مَنڈے بروز پیر مورخہ 13 اپریل کو منایا جا رہا ہے۔

پیل پبلک ہیلتھ کی جانب سے ہدایت کے ساتھ اور اپنے رہائشیوں اور ملازمین کی حفاظت کے لیے، کورونا وائرس (کووِڈ-19) کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد دینے کے لیے سٹی ہال اور سٹی آف برامپٹن کی دیگر تمام سہولت گاہیں، بشمول تفریحی اور کمیونٹی سنٹر اور برامپٹن لائبریری کی شاخیں، بند رہیں گی۔

تمام بنیادی خدمات، بشمول فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز، ٹریفک سروسز، بائی لاء انفورسمنٹ، روڈ آپریشنز، POA کورٹس اور سیکورٹی سروسز، ہماری کمیونٹی کو معاونت فراہم کرنے کے لیے معمول کے مطابق اپنا کام جاری رکھیں گی۔

کسی بھی سوال کے لیے رہائشی 311 پر یا 905.874.2000 (برامپٹن کے باہر سے) پر کال کر سکتے ہیں اور اس کے علاوہ برامپٹن 311 ایپ (ایپ اسٹور یا گوگل پلے پر دستیاب ہے) یا بذریعہ ای میل 311@brampton.ca پر بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ ہم سٹی آف برامپٹن یا ریجن آف پیل کے کسی بھی معاملے کے لیے 24/7 دستیاب ہیں، بشمول کرونا وائرس کے حوالے سے سوالات، مثلاً ٹیکس میں تاخیر، جسمانی فاصلہ بندی اور پارکس اور سہولت گاہوں کی بندش۔ مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/covid19 ملاحظہ کریں۔

**کرونا وائرس (کووِڈ-19) کے لیے حفاظتی اقدامات**

اس حوالے سے اہم قواعد و ضوابط موجود ہیں، جنہیں ہماری کمیونٹی کو گھروں سے باہر کرونا وائرس سے محفوظ رہنے کے لیے ذہن میں رکھنے کی ضرورت ہے۔

- پیل پبلک ہیلتھ اس بات پر انتہائی زور دیتا ہے کہ شہری صرف اکیلے ورزش یا بنیادی ضروریات کے لیے گھر سے باہر نکلیں۔
- برامپٹن کے تمام 500 سے زیادہ پارکس، کھیل کے میدان اور پارکس میں دیگر چیزیں، پٹے کے بغیر کتوں کے گھومنے کے لیے پارکس، پکنک شیلٹرز، آؤٹ ڈور سپورٹس کی سہولت گاہیں اور آؤٹ ڈور فٹنس کے آلات (بشمول کھیلوں کے میدان، باسکٹ بال اور ٹینس کورٹس وغیرہ)، تفریحی مراکز اور ان کے ارد گرد کی جگہیں اور سٹی کی سہولت گاہوں میں پارکنگ لاٹ تاحکم ثانی عوام کے لیے بند ہیں۔ رہائشیوں سے پابندی کی خلاف ورزی کے متعلق 905.874.2111 پر کال کر کے اطلاع دینے کی گزارش کی جاتی ہے۔
- جبکہ اس وقت پیدل چلنے کے راستے کھلے ہیں، لوگوں کو ہر وقت لازمی طور پر دوسروں (جو آپ کے گھر میں نہیں رہتے) سے 2.0 میٹر دور رہنا چاہیے۔ پیدل چلنے کے راستوں کے نقشے کے لیے یہاں کلک کریں۔
- پانچ یا زیادہ لوگوں کے اجتماع سے گریز کریں – صوبے کی جانب سے نافذ کردہ ایمرجنسی مینجمنٹ اینڈ سول پروٹیکشن ایکٹ کے تحت اب یہ ممنوع ہیں۔
- براہ کرم استعمال شدہ فیس ماسک، حفاظتی دستانے اور گھر پر نگہداشتِ صحت کی دیگر فاصل اشیاء کو ایک تھیلے میں ڈال کر کچرے میں ڈال کر تلف کر دیں۔

The Corporation of The City of Brampton
2 Wellington Street West, Brampton, ON L6Y 4R2 311 TTY: 905.874.2130

- برامپٹن کووڈ-19 ایمرجنسی میژرز بائی لاء کے تحت اب بھاری جرمانے بھی عائد کیے جا سکتے ہیں۔ لوگوں پر جسمانی فاصلہ بندی کے اقدامات کی پابندی نہ کرنے کے ہر جرم پر کم سے کم $500 اور زیادہ سے زیادہ $100,000 کا جرمانہ ہو سکتا ہے۔ رہائشیوں سے سے خلاف ورزی کے متعلق 311 پر کال کر کے اطلاع دینے کی گزارش کی جاتی ہے۔

- ہم اپنی کمیونٹی پر کرونا وائرس کے اثرات کو سمجھتے ہیں اور یہ کہ ایسا کچھ لوگوں کے لیے خصوصاً مشکل اور پریشان کن وقت ہے۔ ہم نے کمیونٹی کی معاونت کے لیے خصوصی ٹاسک فورسز قائم کی ہیں۔ اس میں اکنامک سپورٹ، سینئرز سپورٹ، یوتھ سپورٹ اور زد پذیر لوگوں کے لیے معاونت شامل ہے۔ ان ٹاسک فورسز اور یہ کہ ان سے رابطہ کیسے کیا جائے، کے متعلق معلومات www.brampton.ca/covid19 پر دستیاب ہیں۔

**کووِڈ-19 ٹاسک فورسز**

**کووڈ-19 سینئرز سپورٹ ٹاسک فورس:** بزرگ افراد کو گھریلو سامان اور دوائیاں لانے میں معاونت کے لیے، 311 پر کال کریں یا covid19seniors@brampton.ca پر ای میل کریں۔ اسٹورز کے اوقات کار مختلف ہو سکتے ہیں، کیونکہ یہ لمبا ویکینڈ ہے۔ آنے والے ٹیلی ٹاؤن ہالز کے لیے رجسٹریشن کروانے یا رابطہ کرنے کے لیے 311 پر کال کریں یا covid19seniors@brampton.ca پر ای میل کریں۔

**کووڈ-19 سوشل سپورٹ ٹاسک فورس:**مقامی فوڈ بینکس کو عطیات کی شدید ضرورت ہے۔ ضروری اشیاء کی فہرست اور یہ کہ انہیں کہاں چھوڑا جائے، کی فہرست یہاں دیکھیں۔ اگر آپ یا آپ کے پیاروں کو خوراک حاصل کرنے کی ضرورت ہے، تو براہ کرم سوشل سپورٹ آن لائن فارم بھریں۔ یہ ٹاسک فورس رہائشیوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مقامی فوڈ بینکس کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ اگر آپ بذریعہ فون معاونت حاصل کرنے کو ترجیح دیتے ہیں، تو براہ کرم 311 پر کال کریں۔ مزید وسائل، بشمول کمیونٹی پر مبنی وسائل کی فہرست کے لیے یہاں کلک کریں۔ رابطہ کرنے کے لیے 311 پر کال کریں یا covid19support@brampton.ca پر ای میل کریں۔

**کووڈ-19 یوتھ سپورٹ ٹاسک فورس:** برامپٹن کے نوجوانوں کو میئر پیٹرک براؤن اور کووڈ-19 یوتھ سپورٹ ٹاسک فورس کے مشترکہ چیئرز، کونسلرز چارمین ولیمز اور ہرکرات سنگھ کے ساتھ اس بارے میں بات کرنے کے لیے ایک انسٹاگرام لائیو چیٹ پر دعوت دی جاتی ہے، کہ کرونا وائرس انہیں کیسے متاثر کر رہا ہے۔ بروز اتوار، 11 اپریل کو دن 1 بجے میئر براؤن کی انسٹاگرام پروفائل (@patrickbrownont) کے ذریعے لائیو چیٹ میں شامل ہوں۔ رابطہ کرنے کے لیے 311 پر کال کریں یا متبادل طور پر covid19youth@brampton.ca پر ای میل کریں۔

**کووڈ-19 اکنامک سپورٹ ٹاسک فورس:** اس ٹاسک فورس کی جانب سے برامپٹن میں کاروباروں کو معاونت فراہم کرنا جاری ہے، جبکہ وہ کرونا وائرس کے معاشی اثرات سے نمٹ رہے ہیں۔ رابطہ کرنے یا کسی کاروباری مشیر سے بات کرنے کے لیے 311 پر کال کریں یا پھر covid19business@brampton.ca پر ای میل کریں۔

**برامپٹن ٹرانزٹ**

برامپٹن ٹرانزٹ گڈ فرائیڈے پر کچھ روٹس کی منسوخی کے ساتھ تخفیف شدہ سنڈے شیڈول کے مطابق کام کرے گا اور ایسٹر منڈے پر اضافہ شدہ سنڈے سروس (مصروف راستوں پر صبح اور شام کے رش کے اوقات پر اضافی بسوں کے ساتھ عمومی سنڈے سروس) فراہم کرے گا۔ گڈ فرائی ڈے کے موقع پر ٹرمینلز پر کسٹمر سروس کاؤنٹرز بند رہیں گے۔

کووڈ-19 کے ردعمل میں اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ برامپٹن ٹرانزٹ اپنی کمیونٹی کو بحفاظت خدمات فراہم کر رہا ہے، ایسٹر منڈے سے شروع کرتے ہوئے تاحکم ثانی کچھ روٹس پر خدمات میں تخفیف اور منسوخی بدستور جاری رہے گی۔ سروس میں تبدیلیوں کی فہرست کے لیے www.bramptontransit.com ملاحظہ فرمائیں۔

صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کی اضافہ شدہ کاروائیاں بدستور جاری رہیں گی۔ برامپٹن ٹرانزٹ نے بسوں، بشمول تمام ٹھوس سطحیں، آپریٹر کمپارٹمنٹس اور سیٹیں، کو ہر 48 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کرنے کا ہدف مقرر کیا ہوا ہے۔ بسوں کو موجودہ طور پر ہر 24 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کیا جا رہا ہے۔ جبکہ سہولت گاہوں اور ٹرمینلز کی ٹھوس سطحوں کی صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کا

کام روزانہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ مسافروں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سفر کے لیے اپنی ذاتی جراثیم کش اشیاء مثلًا ہینڈ سینیٹائزر یا تولیے وغیرہ اپنے ساتھ لائیں اور اپنے ہاتھوں کو کثرت سے دھوئیں۔

روٹ اور شیڈول کی معلومات کے لیے، 905.874.2999 پر کال کریں یا www.bramptontransit.com ملاحظہ کریں۔ اگلی بس کے براہ راست اوقات کی معلومات کے لیے اپنے اسمارٹ فون یا دیگر موبائل ڈیوائس پر nextride.brampton.ca ملاحظہ کریں۔ سفر کی منصوبہ بندی کے دیگر ٹولز کے لیے www.triplinx.ca یا گوگل میپس ملاحظہ کریں۔

**برامپٹن ریکریئیشن**

تمام تفریحی پروگرام اور سہولت گاہوں کے کرایے تاحکم ثانی منسوخ ہیں۔ کریڈٹس کو خودکار طریقے سے اکاؤنٹس میں ڈال دیا جائے گا۔ براہ کرم مزید معلومات کے لیے recconnects@brampton.ca پر رابطہ کریں۔

بچوں اور نوجوانوں کو گھروں کے اندر پرتفریح رکھنے کے لیے کئی ورچوئل پروگراموں کے انتخابات، بشمول پرنٹ ہونے کے قابل ایکٹیوٹی شیٹس، www.brampton.ca/recreation پر دستیاب ہوں گی۔

**برامپٹن لائبریری**

برامپٹن لائبریری کی تمام شاخیں تاحکم ثانی بند ہیں۔ ویکینڈ پر تفریح کے لیے، موویز اور موسیقی اسٹریم کر کے آزمائیں یا کوئی ای بُک پڑھیں۔ ہماری ڈیجیٹل مصنوعات، پروگراموں اور خدمات کے متعلق مزید معلومات کے لیے www.bramptonlibrary.ca ملاحظہ کریں یا info@bramlib.on.ca پر ای میل کریں۔

**برامپٹن اینیمل سروسز**

برامپٹن اینیمل شیلٹر گُڈ فرائیڈے، بروز اتوار، 12 اپریل اور ایسٹر سنڈے اور ایسٹر منڈے کے دنوں کے دوران بند رہے گا۔ بروز ہفتہ، 11 اپریل کو شیلٹر اپوائنٹمنٹ کے ذریعے صبح 9 سے دن 12 کے درمیان صرف پالتو جانور واپس حاصل کرنے کے لیے دستیاب ہو گا۔

اینیمل کنٹرول پیر تا جمعہ، صبح 7 تا رات 10 بجے تک اور ہفتہ و اتوار اور چھٹیوں کے دوران صبح 8 تا شام 6:30 بجے کے دوران سڑکوں پر موجود ہوتا ہے اور صرف درج ذیل قسم کی کالوں پر کوئی کاروائی کرے گا:

- بیمار/زخمی/جارحانہ گھریلو جانور اور جنگلی جانور
- جارحانہ جانور
- کھلا گھومنے والا کتا
- کتے کے کاٹنے کی تحقیقات
- کسی بند کیے گئے آوارہ کتے کو اٹھانا
- کسی مردہ جانور کو اٹھانا

ان اوقات کے علاوہ، اینیمل کنٹرول صرف ہنگامی حالات کا جواب دے گا۔

30--

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca